# Pakistan Tehreek-e-Insaf

Central Media Department

**پاکستان تحریک انصاف کا آج انتخابات میں بڑے پیمانے پر ہونے والی دھاندلی کے خلاف ملک گیر احتجاج کا معاملہ**

تحریک انصاف کی جانب سے پولیس اور ریاستی مشینری کی پرامن احتجاج کے آئینی حق میں رکاوٹیں کھڑی کرنے کی شدید مذمت

پاکستان کے عوام اپنے قائد عمران خان کی کال پر لبیک کہتے ہوئے اپنا چوری شدہ مینڈیٹ واپس لینے کیلئے بڑی تعداد میں سڑکوں پر نکل چکے ہیں،

عوام کے ووٹ پر ڈاکہ ڈالنے والی جعلی مینڈیٹ سرکار شہریوں کے پرامن احتجاج کی راہ میں غیر آئینی رکاوٹیں کھڑی کر کے اپنی خوف اور بوکھلاہٹ کا ثبوت دے رہی ہے، ترجمان تحریک انصاف

عمران خان کو دیے گئے بھرپور اور واضح مینڈیٹ پر ڈاکہ ڈال کر عوام کی منتخب اکثریت کو اقلیت میں تبدیل کیا گیا، جعلی فارم 47 کی بنیاد پر دھاندلی زدہ عناصر کو عوام کی منشاء کے خلاف ملک پر مسلط کرنے کی کوشش کو ہرگز قبول نہیں کریں گے،

پاکستان کا مستقبل جمہوریت کے فروغ سے وابستہ ہے جو عوام کو فیصلہ سازی کا آئینی اختیار دینے سے ہی ممکن ہے، تحریک انصاف بانی چیئرمین عمران خان کے نظریے کے مطابق عوام کا چوری شدہ مینڈیٹ واپس لینے کیلئے آئین و قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے بھرپور پرامن جدوجہد جاری رکھے گی،

پاکستان کے باشعور عوام اپنے ووٹ پر رات کی تاریکی میں ڈاکہ ڈالنے والے لٹیروں سے اپنا مینڈیٹ واپس چھین لینے تک چین سے نہیں بیٹھیں گے،

ترجمان تحریک انصاف

منجانب: مرکزی میڈیا ڈیپارٹمنٹ